جب کرکٹ کا جنون ختم ہوا تو اس بات کا یقین رکھتے ہوئے کہ مجھے زندگی میں کچھ کرنا ہے۔ اپنے پسندیدہ اداکار امیتابھ بچن سے متاثر ہو کر اداکاری کرنا چاہی اور برطانیہ میں آنے کے بعد میں نے اداکاری کے کورس میں داخلہ لے لیا تا کہ 25 سال کی عمر میں خود کو ایک مکمل اداکار بنا سکوں لیکن بعدازاں فیسوں اور گھریلو ذمہ داریوں کے باعث کورسز جاری نہ رکھ سکا۔ جبکہ 20 سال کی عمر میں، میں نے لندن میں مقامی لیبر پارٹی میں رضا کارانہ طور پر شمولیت اختیار کی اور اپنے لوکل کونسلرز اور موجودہ پارلیمنٹ ممبر کے ہمراہ بے پناہ کام کیا جبکہ اس کے علاوہ میں نے لوکل اتھارٹی میں "Racial Equality Council " کے لئے بھی رضا کارانہ طور پر کام کیا

کچھ سال پہلے لندن میں "Star Chauffeur Services" کے نام سے ایک کمپنی کا مالک تھا جو "Transport of London" سے باقاعدہ رجسٹرڈ تھی لیکن آج کل بزنس کر رہا ہوں۔

**سفر کا تیسرا اور آخری مرحلہ** کچھ مصروفیات کی وجہ سے آخری مرحلے کے سفر کو فی الوقت ملتوی کر دیا گیا ہے جبکہ اس کے شیڈول، وقت اور تاریخ کی تازہ صورتحال جاننے کے لئے آپ مجھے Facebook اور Twitter پر Follow کرتے رہیں۔

**آپ کا خیال/تبصرہ** پاک بھارت تعلقات کی بہتری کیلئے میری اس چھوٹی سی کوشش کے بارے میں اگر آپ اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہیں تو نیچے دیا گیا لنک استعمال کریں۔ آپ اپنے خیالات کا اظہار انگلش، اردو یا رومن اردو میں لکھ کر بھیج سکتے ہیں جسے 72 گھنٹوں کے دوران آپ کے نام سے شائع کر دیا جائے گا۔ جبکہ اس کے علاوہ آپ میرے Facebook Page اور Video Channels پر بھی اپنی رائے لکھ سکتے ہیں۔

دعا کا طالب

سٹار ملک